مورخہ; 30-03-2018

اردو مندرجات

ہمارے متعلق

فرسٹ پیرامائونٹ مضاربہ (ایف پی ایم) غیر بینک اسلامی مالی ادارہ ہے، اور اس کا انتظام پیرامائونٹ انویسٹمنٹ لمیٹڈ (پی آئی ایل) چلاتا ہے۔ پی آئی ایل 15 فروری 1992ء کو کمپنیز آرڈیننس 1984ء کے تحت صوبہ سندھ میں قائم کیا گیا۔ 15 اکتوبر 1992ء کو اسے مضاربہ کمپنیوں اور مضاربے کے رجسٹرار متعین اسلام آباد کے پاس بطور مضاربہ مینجمنٹ کمپنی رجسٹرڈ کیا گیا۔ یہ کراچی اسٹاک ایکسچینج کی فہرست میں شامل ہے۔ فرسٹ پیرامائونٹ مضاربہ غیر بینک مالی اداروں اور مضاربہ ایسوسی ایشن آف پاکستان کا رکن بھی ہے۔

پیرامائونٹ انویسٹمنٹ لمیٹڈ کا مجاز سرمایہ 50,000,000 روپے ہے جسے 5,000,000 سرٹیفکیٹس میں تقسیم کیا گیا ہے اور ایک سرٹیفکیٹ کی مالیت 10 روپے ہے۔ اس کا ادا شدہ سرمایہ 22,319,000 روپے ہے۔

پیرامائونٹ مضاربہ کے بنیادی مقاصد یہ ہیں:

1. مضاربہ، اور قرضے کے دیگر تمام اسلامی طریقوں کو اختیار کرنا۔

2. مضاربہ کمپنیاں، مضاربہ فنڈ اور مضاربہ اداروں کی تمام اقسام اور انواع، میوچل فنڈز، یونٹ ٹرسٹ اور اسی طرح کی دیگر مصنوعات کی، خواہ سنڈیکیٹس کے انداز میں یا دوسری طرح سرپرستی کرنا، انہیں فروغ دینا، ان کا آغاز کرنا، انہیں منضبط کرنا، ان کا انتظام چلانا، اور نظم و نسق رکھنا۔

3. کسی مضاربہ کمپنی، مضاربہ فنڈ اور مضاربہ اداروں، میوچل فنڈز، یونٹ ٹرسٹ اور اسی طرح کی دیگر مصنوعات کے ساتھ، خواہ سنڈیکیٹس کے انداز میں یا دوسری طرح سے سرمایہ کاری کرنا یا ان کے ساتھ اشتراکِ عمل میں حصہ لینا یا تعاون کرنا

4. مضاربہ کمپنیوں، مضاربہ فنڈ اور مضاربہ اداروں، میوچل فنڈز، یونٹ ٹرسٹ اور اسی طرح کے دیگر طریقوں کے ذریعے تمام انواع و اقسام کے دورانیے کی مالیات کا انتظام، حصول اور ان کی افزائش کرنا۔

5. تمام اقسام کی کاروباری، صنعتی، تجارتی سرگرمیوں کا قیام، انتظام و انصرام اور ان کو آپریٹ کرنا۔

مشن

ہمارا پختہ عزم ہے کہ اسلامی شریعت کی حقیقی روح کے عین مطابق مضاربہ سرگرمیاں انجام دیں گے۔

مضاربہ کی رقوم کو ہر ممکن بہترین طریقے سے اور انسانی صلاحیتوں کے فروغ کے لیے اس طرح استعمال کرنا کہ سرٹیفکیٹ کے حاملین کو زیادہ سے زیادہ منافع ہو

یہ ہمارا مشن ہے کہ اپنی کاروباری سرگرمی کے تمام شعبوں میں درجۂ کمال حاصل کرنے کے لیے مستقل کوشاں رہیں گے، مارکیٹ میں اس کے نمایاں مقام کو برقرار رکھیں گے، اپنے صارفین اور وابستہ عناصر کے ساتھ پائیدار تعلقات کو فروغ دیں گے، اور ایک مستحکم اور پرجوش پاکستان تعمیر کریں گے۔

اخلاقیات اور کاروباری سرگرمیوں کا بیان

ہماری پختہ رائے ہے کہ فرسٹ پیرامائونٹ مضاربہ کے تمام ڈائریکٹر حضرات اور تمام کارکنوں کے لیے مکمل ضابطۂ اخلاق کی پابندی لازمی شرط ہے۔ ہماری کوشش ہوتی ہے کہ ہمارے کارکن پوری طرح منجھے ہوئے ہوں اور ہمارے ضابطۂ اخلاق میں کارفرما فلسفے سے پوری طرح مخلص ہوں تاکہ وہ تفویض کردہ ذمہ داریوں کو ایمانداری سے پورا کر سکیں۔ ہمارا مقصد یہ ہے کہ اپنی پروڈکٹ کو فوقیت کے اعلیٰ ترین معیار پر پہنچائیں اور جو لوگ ہمارے مضاربہ کے ساتھ براہ راست یا بالواسطہ متعلق ہیں ان تمام لوگوں کی بہتری کے لیے کوشاں ہوں۔

مضاربہ ہی کیوں؟

پاکستان میں اسلامی مالیات کا آغاز 80ء کی دہائی میں مضاربہ کمپنیز اینڈ مضاربہ آرڈیننس کے نفاذ سے ہوا، یہ آرڈیننس شریعت اور اسلامی احکام کے مطابق کاروباری سرگرمیوں کی غرض سے سرمایہ کاروں کے لیے آئینی ڈھانچہ فراہم کرتا ہے۔ 2008ء کے مالی بحران کے دوران مضاربہ اداروں نے مثالی استحکام دکھایا اور وہ معیشت کے شعبوں میں سب سے کم متاثر ہوئے، اُس عرصے کے دوران مضاربہ میں نادہندگی کا ایک بھی واقعہ پیش نہیں آیا۔

مضاربہ کا نظام دونوں فریقوں یعنی رب المال اور مضارب کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچاتا ہے۔ اسلامی بینک ان امانت گزاروں (depositors) کے ساتھ اپنے تعلق میں سب سے زیادہ اسی طریقے کو استعمال کرتے ہیں جو اپنی رقوم ان بینکوں کے پاس سرمایہ کاری کی غرض سے لاتے ہیں اور بینک باہم متفقہ تناسب کے مطابق منافع کی تقسیم کی بنیاد پر مضارب کے طور پر کام کرتے ہیں۔

ڈائریکٹروں کا پروفائل

کسی ادارے کی کامیابی کے لیے قابل اور مخلص ڈائریکٹروں کی ایک ٹیم لازمی ہے۔ فرسٹ پیرامائونٹ مضاربہ کا بورڈ آف ڈائریکٹرز سات افراد پر مشتمل ہے۔ ان میں سے پانچ نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر، ایک آزاد ڈائریکٹر اور ایک ایگزیکٹو ڈائریکٹر ہے۔ ادارے کی اسٹریٹجک سمت متعین کرنا بورڈ آف ڈائریکٹرز کی ذمہ داری ہے، نیز یہ یقینی بنانا بھی ان کا کام ہے کہ ادارے کی سینئر انتظامیہ، کارکن، اور خود بورڈ بھی طے شدہ پالیسیوں، اور سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے قوانین اور ضوابط کے پابند رہیں۔

نام	عہدہ
جناب تنویر احمد مگوں	چیئرمین
جناب سیّد وجیہ حسن	چیف ایگزیکٹو آفیسر
جناب ندیم اقبال	ڈائریکٹر
جناب پیر محمد کالیا	ڈائریکٹر
جناب عبدالرزاق جانگڑا	ڈائریکٹر
جناب خالد رحمان	آزاد ڈائریکٹر
جناب ہمایوں مظہر قریشی	آزاد ڈائریکٹر

کمپنی کا تعارف

چیف ایگزیکٹو آفیسر	سید وجیہ حسن
چیف فنانشیل آفیسر / کمپنی سیکرٹری	عبد اللہ خان
شریعت ایڈوائزر برائے مضاربہ	مفتی محمد نجیب خان
مضاربہ کے آڈیٹرز	ای اینڈ وائے فورڈ روڈز سیدات حیدر اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس
آڈیٹرز اور مضاربہ انتظامی کمپنی	میسرز رحیم جان اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس
قانونی مشیران	راجہ قاسط نواز ایڈووکیٹ سیف الدین ایڈووکیٹ
بینکرز	میزان بینک لمیٹڈ بینک اسلامی پاکستان لمیٹڈ البرکہ بینک (پاکستان) لمیٹڈ حبیب میٹروپولیٹن بینک لمیٹڈ - اسلامی بینکاری حبیب بینک لمیٹڈ
شیئرز رجسٹرار	ٹی ایچ کے ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ دوسری منزل، اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 3 ڈاکٹر ضیاء الدین احمد روڈ، کراچی75530 فون: 021-111 000 322 ، فیکس:021-35655595 ای میل:secretariat@thk.com.pk ویب سائٹ: www.thk.com.pk

شریعت سے ہم آہنگ پروڈکٹس

ہم اپنے تمام معزز صارفین کو جامع اسلامی مالی طریقوں کی پیشکش کرتے ہیں جن میں شریعت سے ہم آہنگی کو مکمل شفافیت کے ساتھ پیشِ نظر رکھا جاتا ہے۔ شریعت سے مکمل ہم آہنگی کے ساتھ ساتھ اس بات کو یقینی بنانا ہمارا عزم ہے کہ مالکاری کے حوالے سے آپ کو بہترین معیار، خدمت اور سہولت فراہم ہوتی رہے۔
ہماری اسلامی مالکاری کی تمام پروڈکٹس اس طرح تیار کی گئی ہیں کہ ایک طرف آپ کو ذہنی سکون اور مالی تحفظ ملے، اور دوسری طرف آپ کی رقم میں ممکنہ حد تک اضافہ ہوتا رہے۔ چنانچہ ہماری طرف سے پیش کردہ ان پروڈکٹس کی ضابطہ سازی سیکورٹی اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) شریعت کی پابندی کی نگرانی کے بورڈ کے ذریعے کرتا ہے۔

مضاربہ

مضاربہ کا مطلب ایسا کاروبار ہے جو شراکت سے چلایا جائے اور جس میں ایک یا ایک سے زائد شراکت دار اس کاروبار کی سرگرمیوں میں فعال طریقے سے حصہ نہ لیتے ہوں۔ یہ منافع میں ایک شراکت داری ہے، جو سرمائے اور محنت کے مابین تقسیم ہوتا ہے۔ مضاربہ میں ایک فریق 'رب المال' ہوتا ہے جو مال لانے کا ذمہ دار ہے، دوسرا فریق 'مضارب' ہوتا ہے جو اپنی سوجھ بوجھ اور انتظامی کوششیں کاروبار میں لگاتا ہے۔

مضاربہ کے منافع میں متناسب حصہ کسی بھی تناسب سے معلوم کیا جا سکتا ہے بشرطیکہ دونوں فریق اس تناسب پر باہم رضامند ہوں۔ تاہم کاروباری حالات معمول کے مطابق رہیں اور خسارہ ہو جائے تو اس صورت میں تمام خسارہ سرمایہ لگانے والے کو برداشت کرنا ہو گا، جبکہ انتظامی فریق کو اُس کی کوششوں کا کوئی صلہ نہیں ملے گا۔

مشارکہ

‘مشارکہ’ کے لفظی معنی ہیں ‘شراکت’۔ عام استعمال میں اس کا مطلب ایسی شراکت ہے جس میں تمام شراکت دار اپنا سرمایہ اس غرض سے لگاتے ہیں کہ کوئی تجارتی ادارہ، مشترکہ منصوبہ یا کوئی منصوبہ تشکیل دیں، اس کی ذمہ داری لیں اور اسے چلائیں۔
مشارکہ سے منافع شراکت داروں میں اسی تناسب سے تقسیم ہوتا ہے جس تناسب پر وہ باہم متفق ہو گئے ہوں۔ تاہم خسارے میں شرکت سرمائے میں حصہ داری کے تناسب سے ہوتی ہے۔

تقلیلی مشارکہ

‘تقلیلی مشارکہ’ شراکت کا ایک طریقہ ہے جس میں ایک فریق دوسرے فریق سے اس کے مشارکے کا ایک سرمایہ کاری حصہ بتدریج خریدنے کا وعدہ کرتا ہے، یہاں تک کہ اثاثے میں دوسرے فریق کا حصہ مکمل طور پر پہلے فریق کو منتقل ہو جاتا ہے۔

اثاثہ بینک اور خریدار کے مابین مشترکہ ملکیت کے تحت خریدا جاتا ہے، اور ان کی کیپٹل سرمایہ کاری کا تناسب پہلے سے طے شدہ ہوتا ہے۔ بینک اثاثے میں اپنے حصے کو چھوٹے یونٹوں میں تقسیم کرتا ہے اور خریدار وعدہ کرتا ہے کہ وہ انہیں طے شدہ شرح پر مستقبل میں خرید لے گا۔ اس کے علاوہ بینک/ مضاربہ اثاثے میں اپنا حصہ ایک الگ اجارہ معاہدے کے ساتھ کرائے پر (rent out) دے دیتا ہے۔

بینک عام طور پر قرضے یا مالکاری کے اس طریقے کو جائیداد کی خریداری کے لیے استعمال کرتے ہیں، کیونکہ جائیداد کی نوعیت غیر منقولہ ہوتی ہے اور اس پر بھاری لاگت آتی ہے۔

مرابحہ

شریعت میں ‘مرابحہ’ کا معاہدہ فروخت کا ایسا طریقہ ہے جس میں ایک فروخت کار (seller) خریدے گئے اثاثے کی قیمت کا اعلان کرتا ہے، اور اس قیمت میں اپنا کچھ منافع جمع کر کے اثاثہ خریدار کے ہاتھ فروخت کر دیتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں، بینک/ مضاربہ اثاثے کے لیے خریدار کو رقم بطور قرض دینے کے بجائے اثاثہ کسی تیسرے فریق سے خود خرید لیتا ہے اور مقررہ قیمت پر خریدار کے ہاتھ فروخت کر دیتا ہے۔ اس قیمت کو مزید قسطوں میں تقسیم کر لیا جاتا ہے، اور خریدار یہ قسطیں مقررہ مدت میں ادا کرتا ہے۔

یہ دو فروخت کا معاہدہ ہوتا ہے، ایک معاہدے کے تحت بینک/ مضاربہ اثاثہ حاصل کرتا ہے، اور دوسرے معاہدے کے تحت وہ اثاثہ خریدار کو بیچ دیا جاتا ہے۔ پہلے سودے کے لیے بینک/ مضاربہ خریدار کو اپنا ایجنٹ مقرر کرتا ہے۔ بینک/ مضاربہ کی طرف سے اثاثے کی خریداری کے بعد دوسرے سودے پر عمل درآمد ہوتا ہے۔

مرابحہ مادی (tangible) نوعیت کے کسی بھی جاری اور غیر جاری اثاثے کی خریداری کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے، بشرطیکہ وہ شریعت کے تحت ممنوع قرار پانے والی کوئی شے نہ ہو۔

شریعت کی پابندی

اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے فرسٹ پیرامائونٹ مضاربہ وہ پہلا مضاربہ ادارہ ہے جس کو شریعت کی پابندی کا تصدیق نامہ دیا گیا۔ یہ تصدیق نامہ مضاربہ ایسوسی ایشن آف پاکستان کے مشیر مفتی عبدالستار لغاری نے اس وقت جاری کیا جب انہیں یقین حاصل ہو گیا کہ فرسٹ پیرامائونٹ مضاربہ تمام مجموعی آمدنی حلال ہے اور اس کے بزنس آپریشنز شرعی اصولوں کے مطابق ہیں۔
شریعت تقاضا کرتی ہے کہ کسی معاہدے کی بنیاد میں موجود اثاثے لازماً حلال ہوں اور کوئی بھی منافع متعلقہ معاہدے کے ضوابط کی پابندی کے نتیجے میں حاصل کیا گیا ہو۔

مشارکہ سرٹیفکیٹ

سرمایہ کاری کا طریقہ
ہم مختلف مدتوں کے مشارکہ سرٹیفکیٹ پر ہر ممکن بہترین منافع پیش کرتے ہیں۔ ہمارے قابل اور تجربہ کار فنڈ منیجرز سرمایہ کاروں کی اس فکر سے پوری طرح آگاہ ہیں جو انہیں اپنے سرمائے کے لیے ہے، یعنی ان کے سرمائے کی زیادہ سے حفاظت اور بہترین منافع کا حصول، یہی وجہ ہے کہ ہم لچک اور نفع یابی کے ساتھ بے مثال حفاظت بھی مہیا کرتے ہیں۔
مشارکہ سرٹیفکیٹ میں سرمایہ لگانے کا طریقہ
* مشارکہ سرٹیفکیٹ کم سے کم مالیت یعنی 25,000 روپے میں دستیاب ہوں گے۔
* مشارکہ سرٹیفکیٹ کوئی بھی خرید سکتا ہے: انفرادی خریدار، این جی اوز، پراویڈنٹ اور گریچویٹی فنڈ ہولڈرز، کارپوریٹ ادارے، اور دیگر ادارے۔
* ان سرٹیفکیٹس کی مدتیں 3 ماہ، 6 ماہ، ایک سال، 2 سال، 3 سال، 4 سال، اور 5 سال ہوں گی۔
* منافع سرٹیفکیٹ کی عرصیت (maturity) پوری ہونے پر ادا کیا جائے گا، عرصیت کا فیصلہ خریدار خود کرے گا جو سالانہ، ششماہی یا سہ ماہی ہو سکتی ہے۔
* مشارکہ سرٹیفکیٹ کے اجرا سے پہلے کھاتہ کھولنے کا فارم اور شرائط و ضوابط کا معاہدہ پُر کرنا ہو گا اور دستخط یا انگوٹھے کا نشان لگانا ہو گا۔
* رقم جمع کرانے کے لیے نقد، چیک، پے آرڈر، یا بینک ڈرافٹ دیا جا سکتا ہے، اور ان دستاویزات کی تکمیل ہی پر ادائیگی تصور ہو گی۔
* مشارکہ سرٹیفکیٹ میں سرمایہ کاری صرف پاکستانی روپے میں ہو گی۔
* مشارکہ سرٹیفکیٹ قابلِ انتقال ہوں گے، یعنی ایک سے دوسرے کو منتقل کیے جا سکتے ہیں۔
* منافع کی ادائیگی سے پہلے زکوٰۃ اور ودہولڈنگ ٹیکس اگر لاگو ہوئے تو منہا کیا جائے گا۔
* اگر آپ زکوٰۃ کی کٹوتی نہیں چاہتے تو زکوٰۃ سے استثنیٰ کے اقرارنامے (cz-50) کی ایک نقل جمع کرائیں۔

مشارکہ سرٹیفکیٹ کی خصوصیات
1۔ مشارکہ سرٹیفکیٹ کم سے کم مالیت یعنی 25,000 روپے میں دستیاب ہوں گے۔
2۔ مشارکہ سرٹیفکیٹ کوئی بھی خرید سکتا ہے: انفرادی خریدار، این جی اوز، پراویڈنٹ اور گریچویٹی فنڈ ہولڈرز، کارپوریٹ ادارے، اور دیگر ادارے۔
3۔ ان سرٹیفکیٹس کی مدتیں 3 ماہ، 6 ماہ، ایک سال، 2 سال، 3 سال، 4 سال، اور 5 سال ہوں گی۔
4۔ منافع سرٹیفکیٹ کی عرصیت (maturity) پوری ہونے پر یا سالانہ ادا کیا جائے گا، اس کا فیصلہ خریدار خود کرے گا۔
5۔ مشارکہ سرٹیفکیٹ کے اجرا سے پہلے کھاتہ کھولنے کا فارم اور شرائط و ضوابط کا معاہدہ پُر کرنا ہو گا اور دستخط یا انگوٹھے کا نشان لگانا ہو گا۔

شرح منافع:
<u>جاریہ</u>

منافع کی مدت	
کم سے کم مدت	3 ماہ
زیادہ سے زیادہ مدت	5 سال یا 60 ماہ

متوقع شرح منافع – مشارکہ سرٹیفکیٹ

منافع کی مدت	**متوقع شرحِ منافع (سالانہ) (یکم جنوری 2018ء سے 31 مارچ 2018ء)**
3 سے 6 ماہ	6.00 فیصد
ایک سال	6.25 فیصد
2 سال	6.50 فیصد
3 سال	6.75 فیصد
4 اور 5 سال	7.00 فیصد

منافع منقسمہ کا اعلان
منافع منقسمہ نمبر : 19

پیرا مائونٹ انویسٹمنٹس لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز، فرسٹ پیرامائونٹ مضاربہ کے منیجرز نے فرسٹ پیرامائونٹ مضاربہ کے سرٹیفکیٹ یافتگان کے لیے 8 فیصد منافع منقسمہ (یعنی 0.80 روپے فی سرٹیفکیٹ) کا اعلان کیا تھا۔

منافع منقسمہ نمبر : 20

پیرا مائونٹ انویسٹمنٹس لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز، فرسٹ پیرامائونٹ مضاربہ کے منیجرز نے فرسٹ پیرامائونٹ مضاربہ کے سرٹیفکیٹ یافتگان کے لیے 7.5 فیصد منافع منقسمہ (یعنی 0.75 روپے فی سرٹیفکیٹ) کا اعلان کیا تھا۔

منافع منقسمہ نمبر : 21

پیرا مائونٹ انویسٹمنٹس لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز، فرسٹ پیرامائونٹ مضاربہ کے منیجرز نے فرسٹ پیرامائونٹ مضاربہ کے سرٹیفکیٹ یافتگان کے لیے 7 فیصد منافع منقسمہ (یعنی 0.70 روپے فی سرٹیفکیٹ) کا اعلان کیا تھا۔

سرمایہ کاروں کی شکایات کا ازالہ:

سرمایہ کاروں کی شکایات کے ازالے کے لیے براہِ مہربانی درج ذیل پتے پر ای میل بھیجیں:customersupport@fpm.com.pk

یا

اس پتے پر خط بھیجیں:

کمپنی سیکرٹری
سویٹ نمبر 107-108، پی ای سی ایچ ایس
کمیونٹی آفس کمپلیکس،
بلاک نمبر 2 پی ای سی ایچ ایس،
شاہراہِ قائدین، کراچی،
پاکستان

ایس ای سی پی کے ’’سیکشن برائے سرمایہ کاروں کی شکایات‘‘ کا ویب سائٹ لنک یہ ہے:
www.secp.gov.pk/complaintform1.asp

ہم سے رابطے کے لیے:

صدر دفتر

سویٹ نمبر 107-108، پی ای سی ایچ ایس کمیونٹی آفس کمپلیکس، بلاک نمبر 2 پی ای سی ایچ ایس،
شاہراہِ قائدین، کراچی، پاکستان
فون: 38-34381037-21-92+ ، 34381052-21-92+ ، 34381101-21-92+
فیکس: 34534410-21-92+
ای میل: info@fpm.com.pk

برانچ آفس

آفس نمبر 3، دوسری منزل، سندھو ٹریڈ سینٹر، 19 کمرشل زون، مون مارکیٹ، علامہ اقبال ٹائون، لاہور، پاکستان۔
رابطہ کار: جناب اسلم شاہین
فون: **+92 42 37807686**
ای میل: **lahore@fpm.com.pk**